© rasailojaraid.com



● **اقبال اور حُبِّ اصحاب وآلِ رسول (علیہم الرضوان)** مؤلف: عبدالستار نجم
ضخامت: 432 صفحات　قیمت: درج نہیں　ناشر: مکتبہ الحسن، 33۔حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

شعر گوئی، اصنافِ سخن میں مؤثر اور دل نشیں ذریعۂ اظہار ہے۔ تقریباً دنیا کی ہر زبان میں شعر کا پیرایۂ اظہار موجود ہے۔ مسلمان شعراء نے بھی عقیدۂ توحید، عقیدۂ ختم نبوت، اسلامی تعلیمات، مدحتِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) اور منقبتِ صحابہ (رضی اللہ عنہم) کو موضوعِ سخن بنایا اور شاعری کے ذریعے تبلیغ دین کا فریضہ انجام دیا لیکن بہت کم شعراء ہیں جنھوں نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل ومناقب پر قلم اٹھایا۔ ہمارے ادب میں مرثیہ کی صنف کو تو بہت رواج ملا لیکن منقبتِ صحابہ کم لکھی گئی۔ حادثہ کربلا مرثیہ میں منظوم ہوا مگر بدر واحد اور حنین وتبوک متروکِ سخن قرار پائے۔ دبیؔر وانیسؔ کی پانچ پشتوں میں مرثیہ خوانی رائج رہی لیکن منقبتِ صحابہ کی توفیق نہ ملی۔ بقول انیسؔ:

عمر گزری ہے اس دشت کی سیاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیرؓ کی مداحی میں

شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال نے اپنی شاعری میں قرآن کریم کی دعوت، حدیثِ نبوی اور سیرتِ طیبہ کے ساتھ ساتھ منقبتِ صحابہ کو بھی موضوعِ سخن بنایا اور شعوری طور پر اس خلاء کو پُر کیا۔

؎ نورِ چشم رحمتہ اللعالمین
آں امامِ اوّلین و آخرین

---------

؎ پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیق کے لیے ہے خدا کا رسول بس

جناب عبدالستار نجم کی تازہ تالیف ''اقبال اور حبِ اصحاب وآلِ رسول (علیہم الرضوان)'' اسی عنوان کو اجاگر کرتی ہے۔ پہلے باب میں توحید ورسالت صلی اللہ علیہ وسلم، قرآن کریم اور اصحاب وآلِ رسول علیہم الرضوان کے عناوین پر اُن کی انتہائی تحقیقی ومعلوماتی نگارشات شامل ہیں۔ جبکہ دوسرے باب میں علامہ اقبال مرحوم کے وہ اشعار شامل ہیں جن میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی مدحت ومنقبت کی گئی ہے۔ عبدالستار نجم صاحب نے اقبال کے فارسی اشعار کا نہایت سلیس ترجمہ کیا ہے۔ اشعار کی تشریح میں صحابہ کے احوال واقوال درج کیے ہیں اور اُن کی منقبت میں قرآنی آیات اور احادیث بھی شامل کی ہیں۔ کتاب کا مقدمہ جناب پروفیسر ابوبکر صدیق نے تحریر کیا ہے جبکہ مصنف کا تعارف اور ابتدائیہ جناب پروفیسر محمد حمزہ نعیم نے لکھا ہے۔ جناب عبدالستار نجم کی یہ کتاب جہاں قارئین کے شعری ذوق کی تسکین کرتی ہے وہاں دینی وتاریخی معلومات میں بھی گراں قدر اضافے کا باعث ہے۔ (تبصرہ: سید محمد کفیل بخاری)



© rasailojaraid.com